سوال

(190)اہل حوال حالت بیداری میں نبی ﷺ کی زیارت کیسے کرتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اہل حوال حالت بیداری میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیسے کرتے ہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وفات پاجانے کے بعد کوئی شخص آپ کو دنیا میں نہیں دیکھ سکتا۔ البتہ خواب میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت ممکن ہے۔ جس نے خواب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو آپ کی صحیح صورت میں دیکھا تو اس کا خواب درست ہے کیونکہ شیطان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اختیار نہیں کرسکتا اور صوفیہ جو حالت بیداری میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا دعویٰ کرتے ہیں یہ غلط اور بے بنیاد بات ہے۔

وَبِاللّٰہِ التَّوْفِیْقُ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ وَآلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلَّمَ

اللجنة الدائمة۔ رکن: عبداللہ بن قعود، عبداللہ بن غدیان، نائب صدر: عبدالرزاق عفیفی، صدر عبدالعزیز بن باز فتویٰ (۲۵۲۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلددوم - صفحہ 196

محدث فتویٰ